وزیراعظم کی اسرائیل کے صدر سے ملاقات

01 دسمبر 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے یکم دسمبر 2023 کو دبئی میں COP 28 سربراہی اجلاس کے موقع پر اسرائیل کی ریاست کے صدر محترم جناب اسحاق ہرزوگ کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔

دونوں رہنماؤں نے خطے میں اسرائیل اور حماس کے درمیان جاری تنازع پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے 7 اکتوبر کے دہشت گردانہ حملوں میں ہلاک ہونے والوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور مغویوں کی رہائی کو سراہا۔

وزیر اعظم مودی نے متاثرہ آبادی تک انسانی امداد کی مسلسل اور محفوظ ترسیل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے دو ریاستی حل اور بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے اسرائیل-فلسطین مسئلہ کے فوری، مستقل حل کے لیے ہندوستان کی حمایت کا اعادہ کیا۔

صدر ہرزوگ نے ہندوستان کی G20 چیئرمین شپ کی کامیابی پر وزیر اعظم کو مبارکباد دی اور ہندوستان-مشرق وسطی-یورپ اقتصادی راہداری کے افتتاح کا خیرمقدم کیا۔

دبئی
01 دسمبر 2023